Download books==> https://archive.org/details/@awais_sultan



# فہرست



| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| | حرفِ آغاز | 11 |
| | مختصر تعارف | 13 |
| ۱۔ | ذاتِ باری تعالیٰ سے خاص انسیت | 15 |
| ۲۔ | سلطان العارفین رحمۃ اللہ علیہ کے والد کو غیبی تنبیہ | 16 |
| ۳۔ | اللہ عزوجل بہتر وارث دینے والا ہے | 21 |
| ۴۔ | رحمت حق بر روانِ راستی | 22 |
| ۵۔ | پیدائش سے قبل بشارت | 23 |
| ۶۔ | پیدائشی ولی | 24 |
| ۷۔ | آنکھوں کا نور دلوں کو متاثر کرتا | 26 |
| ۸۔ | ہندوؤں کی پریشانی | 27 |
| ۹۔ | نورِ فراست | 29 |
| ۱۰۔ | ہندو طبیب مسلمان ہو گیا | 31 |
| ۱۱۔ | یہ فقیر حق سے ہو کر آیا ہے | 32 |
| ۱۲۔ | باطنی علوم نے زندگی پاک کر دی | 33 |



Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameen Pur Bazar Faisalabad +923067919528
Madina Liabrary Group on Whatsapp +923139319528 => M Awais Sultan

Download books==> https://archive.org/details/@awais_sultan




۱۳۔ علم ومعرفت کے گوہر 34

۱۴۔ حضورِ حق کی کیفیت 35

۱۵۔ خود کو اللہ عزوجل کے سپرد کر رکھا تھا 36

۱۶۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیعت 37

۱۷۔ مرشد کامل کی خصوصیات 39

۱۸۔ فرزند فاطمہ بتول رضی اللہ عنہا 40

۱۹۔ حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت 41

۲۰۔ حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے دلی وابستگی 42

۲۱۔ دربارِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک رسائی 43

۲۲۔ والدہ سے بیعت کی درخواست 45

۲۳۔ مردِ کامل کی جستجو 47

۲۴۔ شیخ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ کے مزارِ پاک پر مراقبہ 48

۲۵۔ سلطان العارفین رحمۃ اللہ علیہ کا چوتھا نکاح 50

۲۶۔ والدہ کی ناراضگی 53

۲۷۔ میری مراد ایسے پوری نہ ہوگی 56

۲۸۔ دنیاوی مال کے ہوتے ہوئے یکسوئی ممکن نہیں 59

۲۹۔ اپنا زیور اور نقدی محفوظ کر لو 61

۳۰۔ مرشد پاک کے فرمان پر عمل 63

۳۱۔ کڑی آزمائش 65

۳۲۔ سلسلہ عالیہ قادریہ میں بیعت 68


Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameen Pur Bazar Faisalabad +923067919528
Madina Liabrary Group on Whatsapp +923139319528 => M Awais Sultan

Download books==> https://archive.org/details/@awais_sultan




| | | |
|---|---|---|
| ۳۳۔ | آپ رحمۃ اللہ علیہ کیوں تکلیف اٹھاتے ہیں؟ | 69 |
| ۳۴۔ | بابا! میری پیشانی پر بھی تلک لگائیے | 70 |
| ۳۵۔ | شیخ! مجھے بھی سبق پڑھایئے | 71 |
| ۳۶۔ | جو مقدر ہو وہی ظہور پذیر ہوتا ہے | 72 |
| ۳۷۔ | ایک مجذوب سے ملاقات کا قصہ | 73 |
| ۳۸۔ | سلطان العارفین رحمۃ اللہ علیہ دہلی میں | 74 |
| ۳۹۔ | سیّد عبدالرحمٰن قادری رحمۃ اللہ علیہ سے روحانی فیض | 75 |
| ۴۰۔ | نعمت کی آزمائش | 76 |
| ۴۱۔ | اورنگ زیب عالمگیر سے ملاقات | 78 |
| ۴۲۔ | ہندو جوگیوں اور سنیاسیوں کا کامل ہونا | 80 |
| ۴۳۔ | نگاہِ کیمیاء کا اثر | 81 |
| ۴۴۔ | کایا پلٹ گئی | 83 |
| ۴۵۔ | بیل خود بخود ہل جوتتے رہتے | 84 |
| ۴۶۔ | ایک نگاہ میں منزل لامکاں پر پہنچا دیا | 85 |
| ۴۷۔ | اللہ عزوجل کی عطا کردہ نعمتوں سے افطار کرو | 86 |
| ۴۸۔ | عجب دیدم تماشا شیخ باہو | 88 |
| ۴۹۔ | فقر محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کا اثر تیرے خاندان میں ختم نہ ہوگا | 89 |
| ۵۰۔ | عشق حقیقی کی شمع | 92 |
| ۵۱۔ | عاشق کی بلند ہمتی | 93 |
| ۵۲۔ | خوش نصیب کون؟ | 94 |


Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameen Pur Bazar Faisalabad +923067919528
Madina Liabrary Group on Whatsapp +923139319528 => M Awais Sultan

Download books==> https://archive.org/details/@awais_sultan




| | | |
|---|---|---|
| ۵۳۔ | عاشق کی حقیقی کیفیت | 95 |
| ۵۴۔ | کلمہ طیبہ کے چوبیس حروف | 96 |
| ۵۵۔ | سلطان العارفین رحمۃ اللہ علیہ کی حیرانگی | 97 |
| ۵۶۔ | مردِ مومن کا کلمہ | 98 |
| ۵۷۔ | شیخ سلطان طیب رحمۃ اللہ علیہ کے گھر اولادِ نرینہ | 99 |
| ۵۸۔ | صاحب مراقبہ کو نصیحت | 101 |
| ۵۹۔ | القائے خداوندی سے مشرف ہونا | 102 |
| ۶۰۔ | قلبی کیفیات کا اظہار | 103 |
| ۶۱۔ | مجلس محمدی ﷺ میں حاضری | 104 |
| ۶۲۔ | تمام حجابات نگاہوں سے دور ہو گئے | 105 |
| ۶۳۔ | سلطان الفقراء | 106 |
| ۶۴۔ | سالکین کی روحانی تربیت | 107 |
| ۶۵۔ | مٹی سونا بن گئی | 108 |
| ۶۶۔ | رجوع الی اللہ | 112 |
| ۶۷۔ | مراقبہ کی تین اقسام | 113 |
| ۶۸۔ | مراقبہ کی چار منازل | 114 |
| ۶۹۔ | دورانِ مراقبہ کی کیفیات | 115 |
| ۷۰۔ | حقیقی مرشد کون؟ | 116 |
| ۷۱۔ | کامل مرشد کی توجہ کا اثر | 117 |
| ۷۲۔ | حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے مراتب | 118 |


Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameen Pur Bazar Faisalabad +923067919528
Madina Liabrary Group on Whatsapp +923139319528 => M Awais Sultan

Download books==> https://archive.org/details/@awais_sultan




| | | |
|---|---|---|
| ۷۳۔ | حضور نبی کریم ﷺ کی سفارش | 120 |
| ۷۴۔ | اہل قبور سے فیضیابی | 121 |
| ۷۵۔ | ولی اللہ کی قبر شمشیر برہنہ ہوتی ہے | 122 |
| ۷۶۔ | سلطان العارفین رحمۃ اللہ علیہ پر فقیری رنگ غالب تھا | 124 |
| ۷۷۔ | تازہ مسواک | 125 |
| ۷۸۔ | سیّد مومن شاہ رحمۃ اللہ علیہ کا فنافی الشیخ ہونا | 130 |
| ۷۹۔ | ذکر ھو کی برکت | 132 |
| ۸۰۔ | مرشد کامل کی صحبت کا اثر | 134 |
| ۸۱۔ | دائمی نعمت | 135 |
| ۸۲۔ | مٹی شکر بن گئی | 136 |
| ۸۳۔ | فقر کی جامع تعریف | 137 |
| ۸۴۔ | غنی بقرب خدا ہوتا ہے | 138 |
| ۸۵۔ | جملہ عنایت کے مرتبے | 139 |
| ۸۶۔ | فقیر کامل نافع المسلمین ہوتا ہے | 140 |
| ۸۷۔ | فقیر کی پہچان | 141 |
| ۸۸۔ | نورِ حضور کا غلبہ | 142 |
| ۸۹۔ | مرشد اور ذکر کی مشق | 143 |
| ۹۰۔ | طریقہ قادری میں معرفت الٰہی کے خزینے ہیں | 144 |
| ۹۱۔ | محک الفقراء کا مطالعہ کرنے کا فائدہ | 145 |
| ۹۲۔ | عشق حقیقی کی بات کچھ نرالی ہے | 146 |


Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameen Pur Bazar Faisalabad +923067919528
Madina Liabrary Group on Whatsapp +923139319528 => M Awais Sultan

Download books==> https://archive.org/details/@awais_sultan



# حرفِ ابتداء

اللہ عزوجل کے نام سے شروع جو بڑا مہربان اور انتہائی رحم والا ہے اور حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ذات بابرکات پر بے شمار درود وسلام۔

يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ (الروم: ۷)

"جانتے ہیں آنکھوں کے سامنے کی دنیوی زندگی اور وہ آخرت سے پورے بے خبر ہیں۔"

اللہ عزوجل نے انسانوں کو اپنی معرفت کے لئے پیدا کیا مگر انسان دنیاوی رنگینیوں میں کھو کر اللہ عزوجل سے غافل ہو گیا حالانکہ اللہ عزوجل نے ان کی ہدایت اور ان کی رہنمائی کے لئے انبیاء کرام علیہم السلام کو مبعوث فرمایا اور انبیاء کرام علیہم السلام نے دنیا کی مذمت کی اور انسانوں کو ان کے حقیقی مقصد سے آگاہ کیا مگر پھر بھی گروہِ انسانی کی ایک بڑی تعداد اب بھی اس فانی دنیا سے دل لگائے بیٹھی ہے اور ایک بڑی تعداد ایسی ہے جنہوں نے اس دنیا کو سنوارنے میں اپنی زندگیاں برباد کر دیں اور جب ان کی موت واقع ہوئی تو وہ نامراد اس دنیا سے لوٹ گئے۔ اللہ عزوجل کے برگزیدہ بندوں کا یہ طریقہ رہا ہے کہ انہوں نے اس دنیا کو ناپائیدار جانا اور دنیا سے دل لگانے کی بجائے مالک حقیقی سے دل لگایا اور مالک حقیقی کی رضا کو پانے کی جستجو کی۔

Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameen Pur Bazar Faisalabad +923067919528
Madina Liabrary Group on Whatsapp +923139319528 => M Awais Sultan

Download books==> https://archive.org/details/@awais_sultan



# قصہ نمبر ۵۰

## عشق حقیقی کی شمع

سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اللہ عزوجل وحدہٗ لاشریک ہے اور ہر جانب موجود ہے اور اس کی موجودگی کو ظاہری آنکھ محسوس نہیں کرسکتی بلکہ اس کے لئے باطنی آنکھ کا ہونا ضروری ہے۔ کامل مرشد کی توجہ سے سالک کے اندر عشق حقیقی کی شمع روشن ہوتی ہے اور پھر جب سالک عشق حقیقی کی کیفیات میں سرشار ہوتا ہے تو وہ دنیا سے بے خبر ہو جاتا ہے اور پھر اس کا وجود فنا فی اللہ ہو جاتا ہے۔ سالک مشاہدہ حق میں اس قدر محو ہوتا ہے کہ اپنے ہوش وحواس کھو بیٹھتا ہے۔

O.....O.....O

Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameen Pur Bazar Faisalabad +923067919528
Madina Liabrary Group on Whatsapp +923139319528 => M Awais Sultan

Download books==> https://archive.org/details/@awais_sultan



# قصہ نمبر ٦٦

## رجوع الی اللہ

سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ رجوع الی اللہ کی اپنی کیفیت کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

''جب سے ہم نے اللہ عزوجل کی جانب رجوع کیا ہے اللہ عزوجل نے ہمیں توفیق عطا فرمائی ہے اور ہم نے اللہ عزوجل کے حقیقی تصور کو اپنے اندر جاگزیں کر لیا اور عقل وفہم اور فکر کے اعتبار سے اسے صحیح راہ پر لگا دیا اور اب ہمیں ہر جانب عشق ہی دکھائی دیتا ہے اور یہی عشق ہر کام میں ہمیں راہنمائی فراہم کرتا ہے۔''

O.....O.....O

Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameen Pur Bazar Faisalabad +923067919528
Madina Liabrary Group on Whatsapp +923139319528 => M Awais Sultan

Download books==> https://archive.org/details/@awais_sultan



# قصہ نمبر ۷۳

## حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سفارش

کتب سیر میں منقول ہے کہ حضرت سلطان نورنگ کھتران رحمۃ اللہ علیہ ہر روز مراقبہ کیا کرتے تھے اور جب مراقبہ سے سر اٹھاتے تو جو مریدین پاس ہوتے ان پر توجہ فرماتے اور یوں وہ صاحب کشف و کرامت ہو جاتے۔ ایک مرتبہ آپ رحمۃ اللہ علیہ جنگل میں چلے گئے اور مراقبہ میں مشغول ہو گئے۔ جب مراقبہ سے سر اٹھایا تو ایک کتا جو آپ رحمۃ اللہ علیہ سے مانوس تھا اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کے پیچھے جنگل میں چلا آیا تھا اس پر توجہ کی اور اس کتے پر جذب کی کیفیت طاری ہو گئی۔ وہ کتا جس جانب جاتا دیگر کتے اس کے پیچھے ہو لیتے۔ جب سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ کو اس کی خبر ہوئی تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے شدید ناراضگی کا اظہار کیا اور چاہا کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی ولایت سلب کر لیں مگر آپ رحمۃ اللہ علیہ نے دامن مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پناہ لے لی۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ کو غیبی طور پر اشارہ فرمایا کہ اگر وہ ایسا نہ کرتا تو اس کا سینہ پھٹ جاتا مگر آئندہ اب یہ خیال رکھے گا۔

O...O...O

Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameen Pur Bazar Faisalabad +923067919528
Madina Liabrary Group on Whatsapp +923139319528 => M Awais Sultan

Download books==> https://archive.org/details/@awais_sultan



# قصہ نمبر ۷۶

## سلطان العارفین رحمتہ اللہ علیہ پر فقیری رنگ غالب تھا

جذبہ فقر سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمتہ اللہ علیہ کی رگ رگ میں سمایا ہوا تھا۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ کی کتب کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ رحمتہ اللہ علیہ پر فقیری رنگ غالب تھا۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ صاحب کشف تھے اور جو بھی آپ رحمتہ اللہ علیہ کے مشاہدے میں آیا اس کو آپ رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی کتب و رسائل میں قلم بند فرمایا۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ کے ذاتی کشف و وجدان پر مبنی تجربات آپ رحمتہ اللہ علیہ کی تصانیف میں جا بجا نظر آتے ہیں۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ اپنے جس روحانی مقام کی نشاندہی کی وہ اس امت میں چند ہستیوں کو ہی نصیب ہو سکا ہے۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

> ''بعض بزرگانِ دین اور مصنفین کی تصانیف الہامی ہے مگر اس فقیر کو مقامِ الہام سے بالا محض اللہ عزوجل کے قرب اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے نور سے القائے کلام حاصل ہوا۔''

سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اللہ عزوجل تک پہنچنے کا راستہ وہی ہے جو انبیاء علیہم السلام و اولیاء اللہ رحمہم اللہ نے اختیار کیا اور اس کی تبلیغ کی۔

○......○......○

Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameen Pur Bazar Faisalabad +923067919528
Madina Liabrary Group on Whatsapp +923139319528 => M Awais Sultan

Download books==> https://archive.org/details/@awais_sultan



## قصہ نمبر ۷۸

# سیّد مومن شاہ رحمۃ اللہ علیہ کا فنافی الشیخ ہونا

سیّد مومن شاہ رحمۃ اللہ علیہ کم سن اور یتیم تھے اور اپنی والدہ کے ہمراہ گھونکی میں مقیم تھے۔ ایک کلال شخص جو گھونکی میں مقیم تھا اس نے جب سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ کا ذکر سنا تو وہ شورکوٹ آیا اور آپ رحمۃ اللہ علیہ سے فیضیاب ہوا اور حصولِ فیض کے بعد جب وہ واپس گھونکی آیا تو سیّد مومن شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی والدہ نے ان سے کہا آپ جب دوبارہ سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ کے پاس جائیں تو میرے بیٹے کو بھی ساتھ لے جائیں۔

سیّد مومن شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی والدہ نے ان کلال سے کہا کہ جب آپ، سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ کے پاس جائیں تو ان سے کہیے گا کہ میرے بیٹے کو قبول کرلیں اور اسے دینی و دنیاوی دونوں نعمتیں عطا فرمائیں کہ اب میں اور میرا بیٹا فاقہ کشی سے تنگ آ چکے ہیں اور بے شمار مصائب کا سامنا کر چکے ہیں۔ جب وہ کلال دوبارہ سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ کے پاس جانے لگے تو وہ اپنے ساتھ سیّد مومن شاہ رحمۃ اللہ علیہ کو بھی لے گئے اور جو کچھ ان کی والدہ نے کہا تھا وہ سب آپ رحمۃ اللہ علیہ سے بیان کر دیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ان کلال سے فرمایا۔

"تم سیّد مومن شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی والدہ کو میرا اسلام کہنا اور کہنا کہ ان کا فرزند ابھی بہت چھوٹا ہے اور اللہ عزوجل نے چاہا تو قیامت

Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameen Pur Bazar Faisalabad +923067919528
Madina Liabrary Group on Whatsapp +923139319528 => M Awais Sultan

Download books==> https://archive.org/details/@awais_sultan


تک دینی اور دنیاوی نعمتیں تمہارے گھرانے میں رہیں گی تم
ابھی اس بچے کو ظاہری علوم کی تربیت دو اور جب بچہ ظاہری
علوم سے فارغ ہو تو پھر میرے پاس آئے میں اس کی نعمت اس
کے سپرد کر دوں گا۔"

وہ کلال، سیّد مومن شاہ رحمۃ اللہ علیہ کو واپس گھوٹکی لے آئے اور سیّد مومن شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی والدہ کو سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ کا پیغام پہنچا دیا۔ سیّد مومن شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی والدہ نے اپنے فرزند کو مدرسہ میں داخل کروا دیا جہاں سیّد مومن شاہ رحمۃ اللہ علیہ ظاہری علوم کی تکمیل سے فارغ ہوئے۔ ظاہری علوم سے فارغ ہونے کے بعد سیّد مومن شاہ رحمۃ اللہ علیہ گھوٹکی سے شورکوٹ کی جانب روانہ ہوئے اور راستہ میں جب رنگپور کھیڑا پہنچے تو وہاں سیّد مومن شاہ رحمۃ اللہ علیہ کو خبر ہوئی کہ سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ اس دارِ فانی سے کوچ فرما چکے ہیں۔ سیّد مومن شاہ رحمۃ اللہ علیہ چونکہ فنا فی الشیخ کی منزل پر تھے چنانچہ یہ سنتے ہی سیّد مومن شاہ رحمۃ اللہ علیہ بھی دارِ فنا سے دارِ بقاء کی جانب کوچ فرما گئے۔

O.....O.....O

Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameen Pur Bazar Faisalabad +923067919528
Madina Liabrary Group on Whatsapp +923139319528 => M Awais Sultan

Download books==> https://archive.org/details/@awais_sultan



# قصہ نمبر ۸۰

## مرشد کامل کی صحبت کا اثر

سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مرشد کامل کی صحبت میں معرفت خداوندی کی دائمی نعمت حاصل ہوتی ہے اور وہ طالب حق کو معرفت کے دریا میں ایسا غوطہ زن کرتا ہے کہ وہ اس سے لذت حاصل کرتا ہے اور جب وہ اس سے کیفیت سے لوٹتا ہے تو اپنی ہستی کو مٹا چکا ہوتا ہے۔ یہ نعمت خداوندی ہے جو طالب حق کے لئے کسی بھی طرح انعام سے کم نہیں ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں مرشد کامل میرے مرشد حضور غوث الاعظم حضرت سیّدنا عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی طرح ہونا چاہیے جو ہزارہا مریدین پر ایک نگاہ ڈالتے تو وہ الا اللہ کی معرفت میں غرق ہو جاتے۔

Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameen Pur Bazar Faisalabad +923067919528
Madina Liabrary Group on Whatsapp +923139319528 => M Awais Sultan

Download books==> https://archive.org/details/@awais_sultan



# قصہ نمبر ۸۱

## دائمی نعمت

سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ علماء میں کثرتِ مطالعہ سے جلالیت پیدا ہو جاتی ہے اور فقیر کو ذکر اسم ذاتِ خداوندی سے معرفت خداوندی کا نور حاصل ہوتا ہے۔ اس کی باطنی بینائی تیز ہو جاتی ہے۔ جو شخص غیض و غضب کی حالت کو چھوڑ دیتا ہے وہ نورِ خداوندی کو پا لیتا ہے۔ علماء صرف کتابیں پڑھ کر ان کا بیان کرتے ہیں جبکہ فقیر ذاتِ خداوندی میں غرق ہو کر عشق حقیقی کی منازل طے کرتا ہے اور اس پر اسم ذات خداوندی کے راز منکشف ہوتے ہیں اور ایک دائمی نعمت اس کے ہاتھ آ جاتی ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ اس بات کا اظہار اپنے ذیل کے شعر میں یوں فرماتے ہیں۔

پڑھ پڑھ علم کتاباں والا سارے عالم ہو گئے ہو
عشق کا مطلب جانیں نہیں لوگ بڑے بے چارے ہو

○......○......○

Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameen Pur Bazar Faisalabad +923067919528
Madina Liabrary Group on Whatsapp +923139319528 => M Awais Sultan

Download books==> https://archive.org/details/@awais_sultan


# قصہ نمبر ۸۲

## مٹی شکر بن گئی

کتب سیر میں منقول ہے سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ ایک مرتبہ راوی کے کنارے واقع ایک گاؤں سردار پور میں تشریف لے گئے اور وہاں آپ رحمۃ اللہ علیہ کی ملاقات شیخ جنید رحمۃ اللہ علیہ سے ہوئی۔ شیخ جنید رحمۃ اللہ علیہ نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کی تواضع کی اور ضیافت میں جنڈ نامی درخت کا پھل جسے سنگری کہتے ہیں وہ پکوایا۔ جب خدام نے دیگ سے وہ پکا ہوا پھل نکالا تو وہ سویوں میں بدل چکا تھا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں جب اسے پیش کیا گیا تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا چوہوں کے بل سے مٹی لے کر آؤ چنانچہ جب چوہوں کے بل کی مٹی لائی گئی تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے وہ مٹی ان سنگریوں پر ڈال دی اور وہ مٹی دیکھتے ہی دیکھتے شکر بن گئی۔

O.....O.....O

Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameen Pur Bazar Faisalabad +923067919528
Madina Liabrary Group on Whatsapp +923139319528 => M Awais Sultan

Download books==> https://archive.org/details/@awais_sultan



# قصہ نمبر ۸۷

## فقیر کی پہچان

سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ فقیر کی پہچان اس کے پانچ خصائل کی وجہ سے ہوتی ہے۔

۱۔ اپنے پاس موجود علم سے گردو پیش سے ریاکاری اور جہالت کو دور رکھتا ہے اور وہ بمنزلہ آفتاب ہے جس قدر نکلتا ہے اس قدر اس کی روشنی' تاریکی اور اندھیرے کو ختم کر دیتی ہے۔

۲۔ لوگوں کے ساتھ حلم سے پیش آتا ہے۔

۳۔ اس کا فیض خاص و عام بن کر لوگوں کی دستگیری کرے۔

۴۔ اگر اس کے پاس مال ہو گا تو سخاوت اختیار کرے گا اور اسے دوسروں پر خرچ کرے گا۔

۵۔ اس میں کمال درجہ کا استغناء ہوگا اور اس کی نگاہ میں سونا اور مٹی دونوں برابر ہوں گے۔

O.....O.....O

Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameen Pur Bazar Faisalabad +923067919528
Madina Liabrary Group on Whatsapp +923139319528 => M Awais Sultan

Download books==> https://archive.org/details/@awais_sultan



# قصہ نمبر ۹۲

## عشق حقیقی کی بات کچھ نرالی ہے

ایمان سلامت ہر کوئی منگے عشق سلامت کوئی ھو
ایمان منگن شرماون عشقوں دل نوں غیرت ہوئی ھو
عشق بچاوے جس منزل ایمانے خبر نہ کوئی ھو
عشق سلامت رکھیں باھو ایمانوں دیاں دھروہی ھو

سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ عشق حقیقی کی بات کچھ نرالی ہے کہ یہ ظاہری شرع سے دور بھاگتا ہے اور ایک نئی لذت سے آشنا کرتا ہے اور عشق حقیقی ایسا عشق ہے جو اگر ظاہری قاضی کو ہو جائے تو وہ عشق کا طمانچہ کھاتے ہی اپنا منصب اور سب کچھ بھول جائے اور دنیا سے علیحدگی اختیار کر لے۔

○......○......○

Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameen Pur Bazar Faisalabad +923067919528
Madina Liabrary Group on Whatsapp +923139319528 => M Awais Sultan

Download books==> https://archive.org/details/@awais_sultan



# قصہ نمبر ۹۷

## سلطان العارفین رحمۃ اللہ علیہ کا نظریہ فقر

بحر سمندر عشقے والا ہر دم وہندا حائل ھو
پہنچ حضور آسان نہ باھو نام تیرے دے سائل ھو

سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ فقر کے قائل ہیں اور آپ رحمۃ اللہ علیہ اپنے نظریہ فقر کا اظہار ان الفاظ میں کرتے ہیں۔

''تسخیر و تصرف کی یہ طاقت اس کے اپنے وجود کے اندر ہوتی ہے کیونکہ اس کے وجود میں باطن تمام کمالات کا منبع ہے۔ فقیر مرتبہ کمال حاصل کر کے صاحب تصرف ہو جاتا ہے گویا اس کی ساری جدوجہد ابتداء میں اس کے وجود کا داخلی معاملہ تھی اور یہ ساری جدوجہد باطنی مراتب کیلئے ہوتی ہے اور ظاہر میں جو کچھ نظر آتا ہے وہ دراصل فقیر کے باطن کا انعکاس ہے۔''

نیز فرماتے ہیں۔

''فقیر دہان بستہ، صاحب تصرف کامل نظر وہ ہے کہ بے زبان، بانظر ذکر و فکر، مراتب وجلال، مشاہدہ وصال جمعیت بخشے اور نظر کے ساتھ مراتب قضاء اور قدر کے اور مطالعہ لوح محفوظ کا صبر و رضا راز الٰہی بخشے اور نظر سے مراتب صاحب لفظ اور صاحب

Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameen Pur Bazar Faisalabad +923067919528
Madina Liabrary Group on Whatsapp +923139319528 => M Awais Sultan

Download books==> https://archive.org/details/@awais_sultan



راز اور فقیر بے نیاز لا یحتاج کرے۔"

نیز فرماتے ہیں۔

"فقر کی منزل سراسر عشق الٰہی میں خود کو غرق کرنا ہے اور اس طرح فنا فی اللہ کا مرتبہ حاصل ہوتا ہے اور یہ راہ نہ اختیاری ہے اور نہ ہی اس راہ پر بغیر علم تصوف کے چلا جا سکتا ہے۔"

O......O......O

Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameen Pur Bazar Faisalabad +923067919528
Madina Liabrary Group on Whatsapp +923139319528 => M Awais Sultan

Download books==> https://archive.org/details/@awais_sultan



# قصہ نمبر ۹۶

## بندے کی حقیقت

سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ انسان کو اس کی حقیقت اور اس کی تخلیق کے مقصد سے روشناس کراتے ہیں اور آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تمام زندگی لوگوں کو یہی تلقین فرمائی وہ اپنی تخلیق کے مقصد کو جانیں اور اپنی زندگیاں اطاعت خداوندی کے تحت بسر کریں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے بندے کی حقیقت اور اس کی حیثیت کو یوں بیان فرمایا ہے۔

ناں میں سیر ناں پا چھٹا کی ناں پوری سرساہی ھو
ناں میں تولہ ناں میں ماسا گل رتیاں ن تے آئی ھو
رتی ہونوواں ونج تلاں تے اوہ بھی پوری ناہی ھو
تول پورا تاں ہوسی باھو جد ہوسی فضل الٰہی ھو

O......O......O

Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameen Pur Bazar Faisalabad +923067919528
Madina Liabrary Group on Whatsapp +923139319528 => M Awais Sultan

